Federal Shariat Court

Islamabad 03.10.2023

ڈاکٹر محمد مطیع الرحمن
سینئر ریسرچ ایڈوائزر،
فون نمبر 051-9203443

# پریس ریلیز

**وفاقی شرعی عدالت نے تحفظ خواتین (کرمنل لاترمیمی) ایکٹ 2006 کے سیکشن 5اور 7 سے متعلق درخواست کو باقاعدہ سماعت کے لئے منظور کرلیا**

اسلام آباد، پاکستان - وفاقی شرعی عدالت پاکستان کا فل بنچ جو کہ عزت ماب جناب چیف جسٹس اقبال حمید الرحمان صاحب، جناب جسٹس خادم حسین ایم شیخ اور جناب جسٹس ڈاکٹر سید محمد انور، جج صاحبان پر مشتمل تھا، نے ایک شریعت پٹیشن کی سماعت کی جس میں خواتین کے تحفظ (فوجداری قانون میں ترمیم) ایکٹ 2006 کی دفعہ 5اور دفعہ 7 کے جواز کو چیلنج کیا گیا تھا، مذکورہ دفعات کی رُو سے تعزیراتِ پاکستان 1860 میں دفعات 376 (زنا بالجبر کی سزا) اور B-496 (زناکاری) کو شامل کیا گیا تھا۔ درخواست گزار نے مذکورہ قوانین کو اسلامی احکامات یعنی قرآن پاک اور سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے منافی قرار دینے کی استدعا کی ہے۔

عدالت نے اس شریعت پٹیشن کو باقاعدہ سماعت کے لئے منظور کیا اور وفاق کے ساتھ ساتھ ایڈووکیٹ جنرل اسلام آباد سمیت تمام صوبوں کے ایڈووکیٹ جنرلز کو نوٹسز جاری کیے گئے۔

(ڈاکٹر محمد مطیع الرحمن)
سینئر ریسرچ ایڈوائزر